# قران کیا ہے اور اسے کیوں نازل کیا گیا

قران کیا ہے؟ اللہ نے اسکو خود اپنے الفاظ میں یوں بیان کیا ہے۔

**(لوگو تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا۔ اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آپہنچی ہے**

**کہہ دو کہ (یہ کتاب) اللہ کے فضل اور اس کی مہربانی سے (نازل ہوئی ہے) تو چاہیئے کہ لوگ اس سے خوش ہوں۔ یہ اس سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں) 10/57-58**

قران کی بْنیادی طور پر چار صفات ہیں،

1۔ اسکو مسلسل تلاوت کرنا (عربی لفظ قِرا سے)

2۔ یہ صحیح اور غلط کو واضع کردیتا ہے (فْرقان)

3۔ یہ احکامات (شریعت) بیان کرتا ہےکیا کرو اور کیا نہ کرو (الکتاب)

4۔ یہ یادآوری، یاددہانی، غور و فکر اور تَدبّر کے لئے ہے (لزِکّر)

## قران کے چند بْنیادی حقائق

1۔ قران ایک الہامی (نازل کیا گیا) علم ہے (علم جو کہ غیبی اور الٰہی مصدر ہے جو کہ اللہ کی طرف سے جو تمام کائینات کا رب ہے انسانوں کی ہدایت کے لئے حضور ﷺ پر نازل کیا گیا)۔

2۔ قران عربی زبان میں نازل کیا گیا۔ اسلیئے قران صرف عربی مّتن میں ہے اسکا کسی زبان میں ترجمہ قران نہیں کہلائے گا۔

3۔ قران اللہ کا لغوی معنٰی میں اللہ کا اپنا کلام ہے جو کہ حضرت جبرائیل کے زریعے حضور محمد ﷺ کے قلب مبارک پر نازل کیا گیا۔

4۔ یہ رسول محمد ﷺ پر وقفہ وقفہ سے 23 سال تک نازل ہوتا رہا۔

5۔ اسمیں 114 سورتیں ہیں۔

6۔ قران انسانی وجود کے تمام پہلوؤں خواہ وہ نظریاتی معملہ ہو۔ سماجی نظام ہو یا قانون سازی ہو سب پر بحث کرتا ہے اور ہدایت دیتا ہے۔

7۔ قران اللہ کی طرف سے پوری انسانیئت کے لئے ایک انمول نعمت اور تحفہ ہے جو کہ ہم کو ایمانیات اور پورا کائنات کا نظام فراہم کرتا ہے جو کہ قیامت تک کے لئے درست (VALID) ہے۔

کیونکہ قران خود اللہ کا اپنا کلام ہے تو وہ خود قران کے مُختلف فِضائل بیان کرتا ہےہم کوشش کریں گے کہ ان چند فضائل کو درج کریں تاکہ یہ بات سمجھ آجائے کہ قران کیا ہے اور اسے نازل کی کیا وجوہات ہیں۔

## قران اللہ کا اپنا زاتی کلام ہے اور اس نے اْسکو نازل کیا

**1. "  کہہ دو کہ اگر انسان اور جن اس بات پر مجتمع ہوں کہ اس قرآن جیسا بنا لائیں تو اس جیسا نہ لاسکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کو مددگار ہوں " 17/88**

**2. "  (یہ کتاب اللہ ) رحمٰن ورحیم (کی طرف) سے اُتری ہے " 41/2**

**3. " الٓرا۔ یہ وہ کتاب ہے جس کی آیتیں مستحکم ہیں اور اللہ  حکیم وخبیر کی طرف سے بہ تفصیل بیان کردی گئی ہے "**

**" (وہ یہ) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور میں اس کی طرف سے تم کو ڈر سنانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں " 11/1-2**

**4. " اور اپنے پروردگار کی کتاب جو تمہارے پاس بھیجی جاتی ہے پڑھتے رہا کرو۔ اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں۔ اور اس کے سوا تم کہیں پناہ کی جگہ بھی نہیں پاؤ گے "18/27**

**5. "  اور اس (قرآن) کو شیطان لے کر نازل نہیں ہوئے " 26/210**

**6. "  اور تم کو قرآن (اللہ ) حکیم وعلیم کی طرف سے عطا کیا جاتا ہے " 27/6**

**7. " اور اگر تم کو اس (کتاب) میں، جو ہم نے اپنے بندے (محمدﷺ عربی) پر نازل فرمائی ہے کچھ شک ہو تو اسی طرح کی ایک سورت تم بھی بنا لاؤ اور اللہ کے سوا جو تمہارے مددگار ہوں ان کو بھی بلالو اگر تم سچے ہو "**

" لیکن اگر (ایسا) نہ کر سکو اور ہرگز نہیں کر سکو گے تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہوں گے (اور جو) کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے " 2/23-24

8. " اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہان کے پروردگار کی طرف سے ہے "

" کیا یہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس کو از خود بنا لیا ہے (نہیں) بلکہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے تاکہ تم ان لوگوں کو ہدایت کرو جن کے پاس تم سے پہلے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں آیا تاکہ یہ رستے پر چلیں " 32/2-3

9. " اور جب ہم کوئی آیت کسی آیت کی جگہ بدل دیتے ہیں۔ اور اللہ جو کچھ نازل فرماتا ہے اسے خوب جانتا ہے تو (کافر) کہتے ہیں کہ تم یونہی اپنی طرف سے بنا لاتے ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ ان میں اکثر نادان ہیں "

" کہہ دو کہ اس کو روح القدس تمہارے پروردگار کی طرف سے سچائی کے ساتھ لے کر نازل ہوئے ہیں تاکہ یہ (قرآن) مومنوں کو ثابت قدم رکھے اور حکم ماننے والوں کے لئے تو (یہ) ہدایت اور بشارت ہے " 16/101-102

10. " ہم نے اس( قرآن) کو شب قدر میں نازل (کرنا شروع) کیا " 97/1

# قران راہ ہدایت ہے

**1. " یہ کتاب (قرآن مجید) اس میں کچھ شک نہیں (کہ کلامِ اللہ ہے۔ اللہ سے) ڈرنے والوں کی رہنما ہے " 2/2**

**2. " لوگو تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا۔ اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آپہنچی ہے " 10/57**

**3. " الٓرٰ۔ (یہ) ایک (پُرنور) کتاب (ہے) اس کو ہم نے تم پر اس لیے نازل کیا ہے کہ لوگوں کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاؤ (یعنی) ان کے پروردگار کے حکم سے غالب اور قابل تعریف (اللہ) کے رستے کی طرف " 14/1**

**4. " مومنوں کے لئے ہدایت اور بشارت " 27/2**

**5. " کیا یہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس کو از خود بنا لیا ہے (نہیں) بلکہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے تاکہ تم ان لوگوں کو ہدایت کرو جن کے پاس تم سے پہلے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں آیا تاکہ یہ رستے پر چلیں " 32/3**

**6. " اور جن لوگوں کو علم دیا گیا ہے وہ جانتے ہیں کہ جو (قرآن) تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے وہ حق ہے۔ اور (اللہ ) غالب اور سزاوار تعریف کا رستہ بتاتا ہے " 34/6**

7. "  اور اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے تمہاری طرف روح القدس کے ذریعے سے (قرآن) بھیجا ہے۔ تم نہ تو کتاب کو جانتے تھے اور نہ ایمان کو۔ لیکن ہم نے اس کو نور بنایا ہے کہ اس سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں۔ اور بےشک (اے محمدﷺ) تم سیدھا رستہ دکھاتے ہو " 42/52

8. " جس سے اللہ اپنی رضا پر چلنے والوں کو نجات کے رستے دکھاتا ہے اور اپنے حکم سے اندھیرے میں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاتا اور ان کو سیدھے رستہ پر چلاتا ہے " 5/16

9. "  (اور اپنے) پیغمبر (بھی بھیجے ہیں) جو تمہارے سامنے اللہ کی واضح المطالب آیتیں پڑھتے ہیں تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے ہیں ان کو اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لے آئیں اور جو شخص ایمان لائے گا اور عمل نیک کرے گا ان کو باغہائے بہشت میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہیں ہیں ابد الاآباد ان میں رہیں گے۔ اللہ نے ان کو خوب رزق دیا ہے " 65/11

10. "  اللہ نے نہایت اچھی باتیں نازل فرمائی ہیں (یعنی) کتاب (جس کی آیتیں باہم) ملتی جلتی (ہیں) اور دہرائی جاتی (ہیں) جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے بدن کے (اس سے) رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ پھر ان کے بدن اور دل نرم (ہو کر) اللہ کی یاد کی طرف (متوجہ) ہوجاتے ہیں۔ یہی اللہ کی ہدایت ہے وہ اس سے جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں " 39/23

11. " یہ قرآن لوگوں کے لئے دانائی کی باتیں ہیں اور جو یقین رکھتے ہیں ان کے لئے ہدایت اور رحمت ہے " 45/20

**12۔ " ہم نے تم پر کتاب لوگوں (کی ہدایت) کے لئے سچائی کے ساتھ نازل کی ہے۔ تو جو شخص ہدایت پاتا ہے تو اپنے (بھلے کے) لئے اور جو گمراہ ہوتا ہے گمراہی سے تو اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اور (اے پیغمبر) تم ان کے ذمہ دار نہیں ہو " 39/41**

**13۔ " یہ ہدایت (کی کتاب) ہے۔ اور جو لوگ اپنے پروردگار کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں ان کو سخت قسم کا درد دینے والا عذاب ہوگا " 45/11**

## قران ایک بلکل غیر مبہم (صاف صاف) پیغام ہے

**1۔ " اسی طرح اللہ اپنے احکام تمہارے لئے بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو " 2/242**

**2۔ " طٰسٓ۔ یہ قرآن اور روشن کتاب کی آیتیں ہیں " 27/1**

**3۔ " اور ہم نے تمہاری طرف روشن آیتیں نازل کی ہیں اور جو لوگ تم سے پہلے گزر چکے ہیں ان کی خبریں اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت " 24/34**

**4۔ " اور ہم نے قرآن میں سب باتیں طرح طرح سے بیان کردی ہیں۔ مگر اکثر لوگوں نے انکار کرنے کے سوا قبول نہ کیا " 17/89**

**5۔ " اور ہم نے ان (پیغمبر) کو شعر گوئی نہیں سکھائی اور نہ وہ ان کو شایاں ہے۔ یہ تو محض نصیحت اور صاف صاف قرآن (پُرازحکمت) ہے " 36/69**

**6. " اے اہل کتاب! تمہارے پاس ہمارے پیغمبر (آخرالزماں) آ گئے ہیں کہ جو کچھ تم کتاب (الہٰی) میں سے چھپاتے تھے وہ اس میں سے بہت کچھ تمہیں کھول کھول کر بتا دیتے ہیں اور تمہارے بہت سے قصور معاف کر دیتے ہیں بےشک تمہارے پاس الله کی طرف سے نور اور روشن کتاب آ چکی ہے " 5/15**

**7. " وہی تو ہے جس نے تم پر کتاب نازل کی جس کی بعض آیتیں محکم ہیں (اور) وہی اصل کتاب ہیں اور بعض متشابہ ہیں تو جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ متشابہات کا اتباع کرتے ہیں تاکہ فتنہ برپا کریں اور مراد اصلی کا پتہ لگائیں حالانکہ مراد اصلی الله کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جو لوگ علم میں دست گاہ کامل رکھتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم ان پر ایمان لائے یہ سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہیں اور نصیحت تو عقل مند ہی قبول کرتے ہیں " 3/7**

**8. "سب تعریف الله ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمدﷺ) پر (یہ) کتاب نازل کی اور اس میں کسی طرح کی کجی (اور پیچیدگی) نہ رکھی " 18/1**

## قران ایمان والوں کے لئے ہے

**1. " اور جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور جو (کتاب) محمدﷺ پر نازل ہوئی اسے مانتے رہے اور وہ ان کے پروردگار کی طرف سے برحق ہے ان سے ان کے گناہ دور کردیئے اور ان کی حالت سنوار دی " 47/2**

**2. " جن لوگوں کو ہم نے کتاب عنایت کی ہے، وہ اس کو (ایسا) پڑھتے ہیں جیسا اس کے پڑھنے کا حق ہے۔ یہی لوگ اس پر ایمان رکھنے والے ہیں، اور جو اس کو نہیں مانتے، وہ خسارہ پانے والے ہیں " 2/121**

**3- "  ہماری آیتوں پر تو وہی لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب اُن کو اُن سے نصیحت کی جاتی ہے تو سجدے میں گرپڑتے اور اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور غرور نہیں کرتے " 32/15**

**4- " (یعنی) جو لوگ ایمان لاتے اور جن کے دل یادِ اللہ سے آرام پاتے ہیں (ان کو) اور سن رکھو کہ اللہ کی یاد سے دل آرام پاتے ہیں " 13/28**

**5- " کہہ دو کہ اس کو روح القدس تمہارے پروردگار کی طرف سے سچائی کے ساتھ لے کر نازل ہوئے ہیں تاکہ یہ (قرآن) مومنوں کو ثابت قدم رکھے اور حکم ماننے والوں کے لئے تو (یہ) ہدایت اور بشارت ہے " 16/102**

## قران رحمت ہے

**1- " اور ہم قرآن (کے ذریعے) سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کے حق میں تو اس سے نقصان ہی بڑھتا ہے " 17/82**

**2- " اور بےشک یہ مومنوں کے لئے ہدایات اور رحمت ہے " 27/77**

**3- "  کیا اُن لوگوں کے لئے یہ کافی نہیں کہ ہم نے تم پر کتاب نازل کی جو اُن کو پڑھ کر سنائی جاتی ہے۔ کچھ شک نہیں کہ مومن لوگوں کے لیے اس میں رحمت اور نصیحت ہے " 29/51**

**4- " یہ قرآن لوگوں کے لئے دانائی کی باتیں ہیں اور جو یقین رکھتے ہیں ان کے لئے ہدایت اور رحمت ہے " 45/20**

## قران کی حفاظت اللہ نے خود کی ہے

**1- " بےشک یہ (کتاب) نصیحت ہمیں نے اُتاری ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں " 15/9**

**2- " اس پر جھوٹ کا دخل نہ آگے سے ہوسکتا ہے نہ پیچھے سے- (اور) دانا (اور) خوبیوں والے (اللہ) کی اُتاری ہوئی ہے " 41/42**

**3- " کہ یہ بڑے رتبے کا قرآن ہے"**

**" (جو) کتاب محفوظ میں (لکھا ہوا ہے) "**

**" اس کو وہی ہاتھ لگاتے ہیں جو پاک ہیں "**

**" پروردگار عالم کی طرف سے اُتارا گیا ہے " 56/77-80**

**4- " اللہ جس کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور (جس کو چاہتا ہے) قائم رکھتا ہے اور اسی کے پاس اصل کتاب ہے " 13/39**

## قران عربی زبان میں نازل ہوا

**1- " ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل کیا ہے تاکہ تم سمجھ سکو " 12/2**

**2. "  اور ہم نے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر اپنی قوم کی زبان بولتا تھا تاکہ انہیں (احکام اللہ) کھول کھول کر بتا دے۔ پھر اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ غالب (اور) حکمت والا ہے " 14/4**

**3. "  (اے پیغمبر) ہم نے یہ (قرآن) تمہاری زبان میں آسان (نازل) کیا ہے تاکہ تم اس سے پرہیزگاروں کو خوشخبری پہنچا دو اور جھگڑالوؤں کو ڈر سنا دو " 19/97**

**4. "  اور ہم نے اس کو اسی طرح کا قرآن عربی نازل کیا ہے اور اس میں طرح طرح کے ڈراوے بیان کردیئے ہیں تاکہ لوگ پرہیزگار بنیں یا اللہ ان کے لئے نصیحت پیدا کردے " 20/113**

**5. " اور یہ قرآن (اللہ ) پروردگار عالم کا اُتارا ہوا ہے "**

**"  اس کو امانت دار فرشتہ لے کر اُترا ہے "**

**"  (یعنی اس نے) تمہارے دل پر (القا) کیا ہے تاکہ (لوگوں کو) نصیحت کرتے رہو "**

**"  اور (القا بھی) فصیح عربی زبان میں (کیا ہے) " 26/192-195**

**6. " ( یہ) قرآن عربی (ہے) جس میں کوئی عیب (اور اختلاف) نہیں تاکہ وہ ڈر مانیں " 39/28**

**7. "  (ایسی) کتاب جس کی آیتیں واضح (المعانی) ہیں (یعنی) قرآن عربی ان لوگوں کے لئے جو سمجھ رکھتے ہیں " 41/3**

**8. "  اور اسی طرح تمہارے پاس قرآن عربی بھیجا ہے تاکہ تم بڑے گاؤں (یعنی مکّے) کے رہنے والوں کو اور جو لوگ اس کے اردگرد رہتے ہیں ان کو رستہ دکھاؤ اور انہیں قیامت کے دن کا بھی جس میں کچھ شک نہیں ہے خوف دلاؤ۔ اس روز ایک فریق بہشت میں ہوگا اور ایک فریق دوزخ میں 42/7 "**

**9. "  کہ ہم نے اس کو قرآن عربی بنایا ہے تاکہ تم سمجھو " 43/3**

## قران پچھلی آسمانی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے

**1. "  اور جو کتاب میں نے (اپنے رسول محمدﷺ پر) نازل کی ہے جو تمہاری کتاب تورات کو سچا کہتی ہے، اس پر ایمان لاؤ اور اس سے منکرِ اول نہ بنو، اور میری آیتوں میں (تحریف کر کے) ان کے بدلے تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیاوی منعفت) نہ حاصل کرو، اور مجھی سے خوف رکھو " 2/41**

**2. " اس نے (اے محمدﷺ) تم پر سچی کتاب نازل کی جو پہلی (آسمانی) کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اسی نے تورات اور انجیل نازل کی " 3/3**

**3. " اور (اے پیغمبر!) ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ان (سب) پر شامل ہے تو جو حکم اللہ نے نازل فرمایا ہے اس کے مطابق ان کا فیصلہ کرنا اور حق جو تمہارے پاس آچکا ہے اس کو چھوڑ کر ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا ہم نے تم میں سے ہر ایک (فرقے) کے لیے ایک دستور اور طریقہ مقرر کیا ہے اور اگر اللہ چاہتا تو سب کو ایک ہی شریعت پر کر دیتا مگر جو حکم اس نے تم کو دیئے ہیں ان میں وہ تمہاری آزمائش کرنی**

**چاہتا ہے سو نیک کاموں میں جلدی کرو تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر جن باتوں میں تم کو اختلاف تھا وہ تم کو بتا دے گا " 5/48**

**4. " اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا کوئی اس کو اپنی طرف سے بنا لائے۔ ہاں (ہاں یہ اللہ کا کلام ہے) جو (کتابیں) اس سے پہلے (کی) ہیں۔ ان کی تصدیق کرتا ہے اور ان ہی کتابوں کی (اس میں) تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں (کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے " 10/37**

**5. " کہنے لگے کہ اے قوم! ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے۔ جو (کتابیں) اس سے پہلے (نازل ہوئی) ہیں ان کی تصدیق کرتی ہے (اور) سچا (دین) اور سیدھا رستہ بتاتی ہے " 46/30**

## قران بحیثیت مبلغ

**1. " اور جو لوگ جو خوف رکھتے ہیں کہ اپنے پروردگار کے روبرو حاضر کئے جائیں گے (اور جانتے ہیں کہ) اس کے سوا نہ تو ان کا کوئی دوست ہوگا اور نہ سفارش کرنے والا، ان کو اس (قرآن) کے ذریعے سے نصیحت کر دو تاکہ پرہیزگار بنیں " 6/51**

**2. " (اے محمدﷺ) یہ کتاب (جو) تم پر نازل ہوئی ہے۔ اس سے تمہیں تنگ دل نہیں ہونا چاہیئے، (یہ نازل) اس لیے (ہوئی ہے) کہ تم اس کے ذریعے سے (لوگوں) کو ڈر سناؤ اور (یہ) ایمان والوں کے لیے نصیحت ہے " 7/2**

**3. " اور یہ بھی کہ قرآن پڑھا کروں۔ تو جو شخص راہ راست اختیار کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لئے اختیار کرتا ہے۔ اور جو گمراہ رہتا ہے تو کہہ دو کہ میں تو صرف نصیحت کرنے والا ہوں 27/92 "**

**4. " اور وہ تمہیں اللہ کی آیتوں کی تبلیغ سے بعد اس کے کہ وہ تم پر نازل ہوچکی ہیں روک نہ دیں اور اپنے پروردگار کو پکارتے رہو اور مشرکوں میں ہرگز نہ ہو جیو " 28/87**

**5. " یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں ہمیں خوب معلوم ہے اور تم ان پر زبردستی کرنے والے نہیں ہو۔ پس جو ہمارے (عذاب کی) وعید سے ڈرے اس کو قرآن سے نصیحت کرتے رہو " 50/45**

## قران سمجھنے، یاددہانی، غور و فکر کرنے اور نصیحت لے لئے آسان ہے

**1. " اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کردیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟ " 54/17**

**نوٹ:** قران کیونکہ عربی میں نازل کیا گیا اس لئے قران صرف عربی TEXT میں ہی ہے۔ کسی زبان میں اس کا ترجمہ قران نہیں کہلاتا۔ ہم سب اس سے اتفاق کریں گے کہ اللہ کے اپنے کلام کی کوئی انسان کا ترجمہ مطابقت نہیں کرسکتا۔ اسلیئے قران کا کسی زبان میں کوئی بھی ترجمہ قران کا نعم البدل نہیں ہوسکتا۔ لیکن کیونکہ ایک کثیر مسلمانوں کی تعداد عربی زبان سے ناواقف ہے اسلیئے ترجمہ بھی اللہ کے اس انمول تحفے کو سمجھنے کا ایک راستہ ہے۔